# 22249 ـ مسافر جب شہر کی آبادی سے نکل جائے تو وہ قصر کر سکتا ہے

### سوال

اگر کوئی شخص ظہر کی نماز کا وقت ہوجانے کے بعد سفر شروع کرے اور تقریبا دس کلو میٹر سفر کرنے کے بعد نماز ادا کرے تو کیا وہ قصر کرے یا پوری نماز ادا کرے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جمہور اہل علم کے ہاں جب مسافر اپنے شہر اور علاقے سے نکل جائے تو قصر کرے گا، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سفر میں شہر سے نکلنے سے قبل قصر نہیں کرتے تھے، چنانچہ وہ دو رکعت ادا کرے گا کیونکہ فعل کو سرانجام دینے کا وقت معتبر ہے.

چنانچہ جب موذن ظہر یا عصر دے اور مسافر شہر کی آبادی سے باہر نکل آئے تو اس کے لیے چار رکعتی نماز قصر کرنی جائز ہے، کیونکہ فعل کے وقت کا اعتبار ہو گیا نا کہ شہر سے نکلنے کا، اس لیے کہ وہ مسافر کے فعل کا وقت ہے.